# 21848 ـ ايك ماه روزه ركهنے كى نذر مانى تو كيا وه ماہوارى كى قضاء كرے گى ؟

**سوال**

ميں نے ايك ماه روزے ركهنے كى نذر مانى تهى، تو كيا جن ايام ميں مجهے حيض آئے گا ان كى بعد ميں قضاء كرنا ہوگى ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

جب كوئى عورت ايك ماه روزے ركهنے كى نذر مانے تو وه اپنے ايام حيض كے روزے كى قضاء كرے گى، جس طرح وه ماه رمضان ميں ايام حيض كى قضاء كرتى ہے.

ديكهيں: المغنى لابن قدامۃ المقدسى ( 10 / 86 ).

مستقل فتوى كميٹى سے اس جيسا ہى سوال دريافت كيا گيا تو اس كا جواب تها:

" جس ماه كے روزوں كى اس نے نذر مانى تهى اس كے روزے ركهنا اس پر واجب ہيں، اور ماہوارى كى بنا پر وه كچھ ايام روزے نہ ركهے تو اس پر اتنے ايام كى قضاء كرنا لازم ہے جو ماہوارى كى بنا پر روزے نہيں ركهے.

الله تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے.

فتاوى اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلميۃ والافتاء ( 23 / 336 ).

والله اعلم .